یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز

پنجاب کے پرائیویٹ میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں میں
داخلہ برائے سیشن 24-2023
امیدواروں اور کالجوں کیلئے اہم ہدایات

پرائیویٹ سیکٹر میڈیکل اور ڈینٹل کالجوں کی پہلی سلیکشن لسٹ میں داخل ہونے والے امیدواروں کی سہولت کیلئے درج ذیل ہدایات جاری کی جارہی ہیں:

(الف) ایسے امیدواران جن کی تعلیمی اسناد کی ابھی تک آئی بی سی سے تصدیق نہیں ہوئی ہے متعلقہ کالج ان امیدواروں کو فی الحال داخل کریں گے تاہم ان امیدواروں کا داخلہ اس وقت تک عارضی رہے گا جب تک وہ اپنی تصدیق شدہ تعلیمی اسناد متعلقہ کالج میں جمع نہیں کرا دیتے۔ متعلقہ کالج ان امیدواروں کی تصدیق شدہ تعلیمی اسناد ان کی رجسٹریشن کے وقت یونیورسٹی کے پورٹل پر اپ لوڈ کریں گے۔

(ب) وہ امیدواران جو کسی بھی ناگریز وجہ سے اپنے کالج میں ذاتی طور پر جوائننگ نہیں دے سکتے (مثال کے طور پر بیماری یا ملک سے باہر ہونے کے باعث) ان کے والدین یا قریبی عزیز ان کی طرف سے کالج میں جوائننگ دے سکتے ہیں۔ تاہم متعلقہ کالج اپنے طور پر اس کی تصدیق کریگا اور ان والدین یا قریبی عزیزوں سے ان کے شناختی کارڈ کی کاپی بھی وصول کرے گا۔

(ج) امیدواران کی سہولت کیلئے یو ایچ ایس کی ہیلپ لائن صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک فعال ہے۔ ان فون نمبرز پر سینئر فیکلٹی ممبرز آپ کی رہنمائی کیلئے ہمہ وقت موجود ہیں۔ یہ نمبرز درج ذیل ہیں:

فون نمبرز: 042-111-33-33-66، 042-99231355، 042-99231212

مزید برآں امیدواران درج ذیل ای میل ایڈریس پر بھی اپنی شکایات درج کروا سکتے ہیں:

complaints.private-colleges@uhs.edu.pk

ایڈمیشن ٹیم

یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز